بسم اللہ الرحمن الرحیم

نگران و مدیر
لئیق احمد منیر
معاونت و کتابت
مقصود الحق

# اخبار احمدیہ

ملنے کا پتہ
Wieckstraße 24
2 Hamburg 54
Tel. 040 / 40 55 60

جلد ۴ ماہ مارچ ۱۹۸۵ شمارہ ۳

## جماعت احمدیہ مغربی جرمنی کا پانچواں

# جلسہ سالانہ

## مؤرخہ ۵-۶- اپریل بروز ہفتہ اتوار بمقام مسجد فضل عمر ہمبرگ

جیساکہ گذشتہ شمارے میں اطلاع دی جاچکی ہے کہ جماعتہائے احمدیہ مغربی جرمنی کا پانچواں جلسہ سالانہ مؤرخہ 5-6 اپریل بروز ہفتہ و اتوار مسجد فضل عمر ہمبرگ میں منعقد ہوگا۔ انشاء اللہ العزیز۔ تمام دوستوں سے درخواست ہے کہ کثرت سے اس جلسہ میں شریک ہوں۔ اور ابھی سے تیاری شروع کر دیں۔ ہمبرگ میں مقیم دوستوں سے درخواست ہے کہ وہ مہمانان کرام کی رہائش کیلئے اپنے مکانوں میں زیادہ سے زیادہ جگہ مہیا فرمائیں۔ اور اس ضمن میں مکرم لئیق احمد صاحب منیر مبلغ ہمبرگ سے رابطہ قائم فرمائیں اسیطرح فیملی کے ساتھ رہنے والے دوست مہمان فیملیز کی رہائش کیلئے تعاون فرمائیں اور مکرم لئیق احمد صاحب منیر کو اطلاع فرمائیں۔ جزاکم اللہ

History of AMJ Deutschland
تاریخ احمدیت جرمنی
Nr.:..................

# ہدایات

1۔ اپنے آنے کی فوری طور پر اطلاع فرمائیں تاکہ رہائش کے لئے مناسب انتظام کیا جاسکے۔
2۔ موسم کے مطابق بستر ہمراہ لائیں۔
3۔ ہوٹل میں رہائش کے خواہشمند دوست فوری طور پر اسکی اطلاع کریں۔
4۔ ہوٹل میں رہائش کے خواہشمند دوست ہوٹل میں قیام کے اخراجات کے خود ذمہ دار ہونگے۔

نوٹ:۔ لجنہ اماء اللہ کا ایک الگ اجلاس مؤرخہ 6 اپریل کو ہوگا۔

اجلاس کی کاروائی مورخہ 5- اپریل کو بوقت دوپہر شروع ہوگی تفصیلی پروگرام صفحہ آخر پر ملاحظہ فرمائیں۔ دوستوں سے درخواست ہے کہ جلسہ کی کامیابی کیلئے خصوصی دعائیں فرمائیں۔ جلسہ سالانہ کے بارے میں مزید معلومات صفحہ ۳ پر ملاحظہ فرمائیں۔

اداریہ

# ہمارا جلسہ سالانہ

خدا تعالیٰ کے فضل وکرم سے جماعت احمدیہ کا جلسہ سالانہ اپنی افادیت اور انفرادیت میں دنیا کے تمام اجتماعوں اور جلسوں سے ایک نمایاں اور ممتاز مقام کا حامل ہے۔ یہ وہ جلسہ ہے جو خالص محبت الٰہی اور محبت انسانیت کو اجاگر کرنے کیلئے منعقد کیا جاتا ہے اور خدا تعالےٰ کی خاص تائید اور نصرت اور ان گنت افضال الٰہی جلسہ میں شریک ہونے والوں کے ہمراہ ہوتے ہیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اس جلسہ میں شریک ہونے والوں کیلئے خاص طور پر دعائیں کی ہیں۔ آپ فرماتے ہیں۔

" میں دعا کرتا ہوں کہ ہر ایک صاحب جو اس للّٰہی جلسہ کیلئے سفر اختیار کریں خدا تعالیٰ انکے ساتھ ہو اور انکو اجر عظیم بخشے اور ان پر رحم کرے اور انکی مشکلات اور اضطراب کے حالات ان پر آسان کر دیوے اور ان کے ہم و غم دور فرمائے اور انکو ہر یک تکلیف سے مخلصی عنایت کرے اور انکی مرادات کی راہیں ان پر کھول دیوے اور روز آخرت میں اپنے ان بندوں کے ساتھ انکو اٹھاوے جن پر اسکا فضل و رحم ہے اور تا اختتام سفر ان کا خلیفہ ہو۔ اے خدا۔ اے ذوالمجد والعطاء اور رحیم اور مشکل کشا یہ تمام دعائیں قبول کر اور ہمیں ہمارے مخالفوں پر روشن نشانوں سے غلبہ عطا فرما کہ ہر یک قوت اور طاقت تجھ ہی کو ہے۔ آمین۔

(اشتہار ۷ دسمبر 1892ء)

حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے 1891ء کو اس جلسہ کی بنیاد رکھی اور حضور کی بابرکت دعاؤں سے اس جلسہ میں شریک ہونے والے روحانی دولت سے مالا مال واپس جاتے ہیں اور خدا تعالےٰ کی خاص تائید کا اندازہ اس امر سے بھی لگایا جاتا ہے کہ جماعت احمدیہ کے پہلے جلسہ سالانہ میں حاضرین کی تعداد تقریباً 75 تھی اور امسال جلسہ سالانہ ربوہ میں حاضرین کی تعداد پونے دو لاکھ کو پہنچ گئی۔ الحمد للہ۔ پس اس جلسہ میں شریک ہونے والے تمام دوست اس امر کو خوب اچھی طرح مد نظر رکھیں کہ وہ جلسہ میں شرکت کی غرض و غایت کو پورا کرنے والے ہوں۔ دنیاوی میلوں کی طرح کا یہ اجتماع نہیں تقاریر کو غور سے سنیں اور ان سے فائدہ حاصل کریں۔ فارغ وقت خدا تعالےٰ کے حضور دعاؤں میں صرف کریں۔ تب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی ان دعاؤں کے وارث بنیں گے جو کہ آپ نے شرکاء جلسہ کیلئے کی ہیں۔ اور کوشش کریں کہ زیادہ سے زیادہ غیر از جماعت دوست بھی اس جلسہ میں شریک ہوں۔ اللہ تعالےٰ ہم سبکو اس جلسہ کے ساتھ وابستہ رحمتوں اور فضلوں کا وارث بنائے۔ آمین۔

## جلسہ سالانہ کے بارے میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات

آپ فرماتے ہیں۔

حتی الوسع دوستوں کو محض للہ ربانی باتوں کو سننے کیلئے اور دعا میں شریک ہونے کیلئے اس تاریخ پر آنا چاہیے اور اس جلسہ میں ایسے حقائق اور معارف سنانے کا شغل رہے گا جو ایمان اور یقین اور معرفت کو ترقی دینے کیلئے ضروری ہیں اور نیز ان دوستوں کے لئے خاص دعائیں اور خاص توجہ ہو گی اور حتی الوسع بدرگاہ ارحم الراحمین کوشش کی جائیگی کہ خدا تعالےٰ انہیں اپنی طرف کھینچے اور اپنے لئے قبول کرے اور پاک تبدیلی ان میں بخشے اور ایک عارضی فائدہ ان جلسوں میں یہ بھی ہو گا کہ ہر ایک نئے سال جس قدر نئے بھائی اس جماعت میں داخل ہوں گے وہ تاریخ مقررہ پر حاضر ہو کر اپنے پہلے بھائیوں کے منہ دیکھ لینگے اور روشناسی ہو کر آپس میں تودد و تعارف ترقی پذیر ہوتا رہے گا اور جو بھائی اس عرصہ میں اس سرائے فانی سے انتقال کر جائیگا اس جلسہ میں اس کیلئے دعائے مغفرت کی جائیگی۔

(آسمانی فیصلہ

# الفضل نامہ

## حضور کی صحت

الفضل کی اطلاع کے مطابق حضور ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کی صحت خدا کے فضل سے اچھی ہے۔ الحمد للہ۔
احباب حضور کی صحت و سلامتی و درازی عمر کیلئے دعائیں جاری رکھیں۔

★ الفضل کی اطلاع کے مطابق حضور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز جماعتہائے احمدیہ سندھ کے لمبے دورہ کے بعد بخیریت مرکز سلسلہ واپس تشریف لے آئے ہیں۔

---

## کار کے افسوسناک حادثہ میں تین خدام احمدیت شہید ہو گئے

انا للہ و انا الیہ راجعون

احباب جماعت کو یہ افسوسناک خبر دی جاتی ہے کہ ۸ مارچ کو نیوٹا کی بھٹیاں سے ۶ کلو میٹر دور کار کے ایک حادثہ میں مجلس خدام الاحمدیہ لاہور کے قائد ضلع مکرم ظاہر احمد خان صاحب، نائب قائد ضلع مکرم جواد رشید احمد خان ایڈووکیٹ اور ناظم اطفال ضلع مکرم خواجہ امجاز احمد صاحب انتقال کر گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ دیگر دو افراد زخمی ہوئے جن میں مجلس خدام الاحمدیہ لاہور کے ناظم اصلاح و ارشاد ضلع اور نائب قائد ماڈل ٹاؤن لاہور مکرم صدراقت علی صاحب اور مکرم رفیع الدین صاحب شامل ہیں۔

۹ مارچ ۱۹۹۰ء کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ نے بہشتی مقبرہ کے احاطہ میں تینوں مرحومین کی نماز جنازہ پڑھائی۔ بعد ازاں مکرم خواجہ امجاز احمد صاحب کو موصی ہونے کی وجہ سے بہشتی مقبرہ میں دفن کیا گیا۔ حضور ایدہ اللہ نے جنازہ کو کندھا دیا اور اپنے دست مبارک سے لحد میں اتارا۔ بعد ازاں حضور قبرستان عام میں تشریف لے گئے جہاں مکرم ظاہر احمد خان اور مکرم جواد رشید احمد خان کی نعشوں کو دفن کیا گیا۔ لاہور سے کثیر تعداد میں احباب جماعت مکرم امیر جماعت لاہور کی قیادت میں جنازہ میں شمولیت کے لئے تشریف لائے۔
اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔ آمین۔

---

## بقیہ جلسہ سالانہ مغربی جرمنی

مقام جلسہ مسجد فضل عمر کا ایڈریس:

F. O. MOSCHEE
WIECK STR. 24
2000 HAMBURG 54

ٹیلیفون: 040 - 40 55 60

### مسجد پہونچنے کا راستہ بذریعہ U-BAHN:

اگر آپ بذریعہ ٹرین سفر کر رہے ہوں تو HAMBURG Hbf. پر اتریں۔ ریلوے اسٹیشن سے U کی علامت کو دیکھتے ہوئے نیچے U-BAHN کے اسٹیشن پر پہونچ جائیں۔ جہاں سے گاڑی U2 جو کہ HAGENBECK TIER PARK کی سمت (RICHTUNG) میں جا رہی ہو کے ذریعہ سفر کریں۔ اور درج ذیل STOP پر اتر جائیں۔
LUTTEROTH STRASSE
اترنے کے بعد جس سمت میں گاڑی سفر کر رہی ہے اُس سمت میں بیرونی دروازے سے باہر نکلیں۔ آپ کو سامنے ہی ایک مخصوص بناوٹ کا روسی چرچ نظر آئے گا۔ اس چرچ کے بالمقابل مسجد کی سڑک WIECK STR. شروع ہوتی ہے۔ جہاں سے دو منٹ میں آپ مسجد پہونچ جائیں گے۔

### بذریعہ موٹر کار سفر کرنے والے دوست

AUTOBAHN سے STELLINGEN کا AUSFAHRT لیں۔ جہاں سے باہر نکل کر نقشہ یا راہگیروں سے مسجد کے ایڈریس کی راہنمائی حاصل کریں۔

# پروگرام جلسہ سالانہ

## مغربی جرمنی

### 5 اپریل بروز ہفتہ

**اجلاس اوّل**

| | |
|---|---|
| 3.30 - 3.00 | تلاوت قرآن کریم<br>نظم |
| 3.45 - 3.30 | پیغامات |
| 4.30 - 3.45 | افتتاح، دعا<br>از انچارج احمدیہ مشن مغربی جرمنی |
| 4.50 - 4.30 | صحابہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم<br>از مبارک اوسائی صاحب |
| 5.10 - 4.50 | احمدیت کا مستقبل اور ہماری ذمہ داریاں<br>از محمد اسلم شاد صاحب |
| 5.30 - 5-10 | مغربی معاشرہ میں اسلامی طرز زندگی کیسے اپنائی جا سکتی ہے<br>از ہدایت اللہ ہیوبش صاحب |
| 5.50 - 5-30 | رحمۃ للعالمین ؐ<br>از عبدالرحیم احمد صاحب |
| 6.10 - 5-50 | خلافت سے وابستگی<br>از محمد ریاض سیفی صاحب |

— وقفہ —

| | |
|---|---|
| 8.30 - 8.00 | نماز مغرب وعشاء |

**اجلاس دوم**

| | |
|---|---|
| 8.45 - 8.30 | تلاوت قرآن کریم |
| 9.00 - 8.45 | سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم<br>از ملک محمود احمد صاحب |
| 9-15 - 9.00 | اسلام میں عورت کا مقام اور پردہ کی اہمیت<br>از رفیق احمد جاوید صاحب |
| 10.00 - 9.15 | متحرک فلم |

شب بخیر

### 6 اپریل بروز اتوار

| | |
|---|---|
| 5.00 - 4.00 | تہجد، نماز فجر، درس القرآن |

**اجلاس سوئم**

| | |
|---|---|
| 10.30 - 10.00 | تلاوت قرآن کریم، نظم |
| 10.45 - 10.30 | سیرت حضرت خلیفۃ المسیح اول رض<br>از ناز احمد ناصر صاحب |
| 11.00 - 10.45 | حیاۃ آخرۃ<br>از کلیم بواکے صاحب |
| 11.15 - 11.00 | خلافت ثالثہ کی بابرکت تحریکات اور ہمارے فرائض<br>از مختار احمد صاحب |
| 11.30 - 11.15 | جلسہ ربوہ، قادیان کے دوران میرے تجربات<br>از عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب |
| 11.45 - 11.30 | ذکر حبیب<br>از کوثر احمد باجوہ صاحب |
| 12.00 - 11.45 | احمدی نوجوانوں کی ذمہ داریاں<br>از قمر الاسلام سلیم صاحب |

— وقفہ —

| | |
|---|---|
| 2.00 - 1.30 | نماز ظہر و عصر |

**اجلاس چہارم**

| | |
|---|---|
| 2.30 - 2.00 | تلاوت قرآن کریم، نظم |
| 2.45 - 2.30 | تقریر جرمن<br>از سعید کرشمر صاحب |
| 3.15 - 2.45 | آداب اسلامی<br>از لئیق احمد منیر صاحب مبلغ سلسلہ ہمبرگ |
| 3.45 - 3.15 | انگلستان میں تبلیغ اسلام اور احمدیت کا مستقبل<br>از منیر الدین شمس صاحب مبلغ سلسلہ انگلستان |
| 4.15 - 3.45 | اختتامی تقریر و دعا<br>از انچارج مشن مغربی جرمنی |

— الوداع —

History of AMJ Deutschland
تاریخ احمدیت جرمنی
Nr.:..................